پرچم

اے بی سی سے
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC
Certified

Daily Parcham Karachi

جلد نمبر 31 | منگل 08 اکتوبر 2024ء 04 ربیع الثانی 1446ھ | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 26

مسلم ممالک کو یکجا ہو کر صیہونی طاقت کو جواب دینا ہوگا، چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیرمین نیو کراچی ٹاون محمد یوسف وائس چیرمین شعیب بن ظہیر وائس اور سید مزمل عباس ڈائریکٹر ایجوکیشن نیو کراچی ٹاؤن کی ہدایت پر حنین میو ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن کی زیرِ نگرانی محکمہ تعلیم نیو کراچی ٹاؤن کی جانب سے فلسطین سے اظہار یک جہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں تعلیمی کمیٹی کے ارکان، طلباء و طالبات سمیت اساتذہ کرام اور ملازمین نے شرکت کی اور فلسطینی عوام سے اظہار یک جہتی کیا گیا اس موقع پر چیرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے اپنے پیغام میں کہا کہ جس طرح اسرائیل مسلمانوں پر ظلم و ستم کر رہا ہے اس وقت ہم تمام مسلمان ممالک کو ایک ہو کر اس صیہونی قوت کو جواب دینا چاہیے جس طرح فلسطین میں شہادتیں ہوئی ہے اس سے نہ تو فلسطینی عوام کمزور ہوگی اور نہ ہی مزحمتی تنظیمیں پیچھے ہٹیں گی اور اسرائیل جب تک فلسطین اور لبنان پر اپنا بربریت ختم نہیں کرے گا تب تک انشاء اللہ یہ مزہمتی تنظیمیں اس کے اوپر حملہ اور ہوتی رہیں گی۔